شری وی۔ڈی۔دیشپانڈے - ہاں میں اپروپریئیشن بل ہی پر بحث کر رہا ہوں جس قسم کا پیوپلس حیدرآباد (Peoples' Hyderabad) ہمیں بنانا ہے اس کے لئے ہی میں اپنے خیالات یہاں رکھ رہا ہوں - آپ ہماری پارٹی پر چارجس لگاتے ہیں کہ ہم جمہوریت نہیں چاہتے میں کہونگا کہ جس پارٹی کے اراکین نے مجموعی طور پر تین تین لاکھ ووٹ حاصل کئے ہوں کیا انکے متعلق یہ کہا جاسکتا ہے کہ عوام انکے پیچھے نہیں ہیں؟ ایک جگہ تو ہمارے ممبر کو ۲۸ ہزار ووٹ ملے ہیں اور اسکے مقابلے میں کانگریس کو ۱۴ ہزار ووٹ ملے ہیں - اس سے ثابت ہوسکتا ہے کہ جمہوریت کے سچے علمبردار کون ہیں - ہم نے اپنا ورڈ آف آنر (Word of honour) دیا ہے کہ ہم نے تلنگانے میں لڑائی بند کردی ہے - میں نے چیف منسٹر سے [illegible] واقعات تلنگانے میں ہو رہے ہیں تو اس کی تحقیقات کی جائے [illegible] کمیٹی [illegible] مقرر کیجائے اور انکے ذریعہ تحقیقات کرایا (Impartial Committee)

جائے۔ یہ میرا چیلنج تھا لیکن نہیں مانا گیا۔ جب یہاں تقریر کرتے ہیں تو چیف منسٹر ایک نہیں تین تین مرتبہ کمیونسٹ پارٹی کو گالیاں دیتے ہیں۔ اوسوقت جب کہ ہمارے کامریڈ نلگنڈہ کے جنگلوں میں جد و جہد کر رہے تھے انکو ختم کرنے کیلئے 'گویا، لوگوں کو جو ان کا ساتھ دے رہے تھے وہاں سے ہٹا کر دوسری جگہ بسایا گیا۔ اوس زمانے میں جو بنیادی مقصد تھا وہ یہ تھا کہ وہاں کے کمیونسٹ موومنٹ کو ختم کیا جائے۔ دوسری طرف آپ یہ بتانا چاہتے تھے کہ ہمکو 'گویا، لوگوں سے ہمدردی ہے۔ یہ ہم بھی جانتے ہیں۔ لیکن چیف منسٹر اور دوسرے ایم ایل ایز " ٹوکال اسپیڈ اے اسپیڈ "، (To Call Spade a Spade) نہیں چاہتے۔ چیف منسٹر نے ہمارے ایک ایم ایل اے کے بارے میں کہا تھا کہ وہ صاحب کیا ہیں میں جانتا ہوں۔ تو میں بھی یہ کہونگا کہ کانگریسی لیڈر کیا تھے، ٹریزری بنچ میں کون کون کیا تھے رضاکار دور میں کیا کرتے تھے، الکسن کے زمانے میں کیا کیا کئے یہ سب میں بھی جانتا ہوں

ایسی ہٹ دھرمی سے حیدرآباد کو ویلفیر حیدرآباد نہیں بنایا جاسکتا۔ اسطرح چیف منسٹر یا ٹریزری بنچس حیدرآباد کو جمہوریت کے راستے پر نہیں چلاسکتے۔ جمہوریت میں کوئی دھوکہ نہیں ہے۔ لاکھوں کروڑوں ہمارے ساتھ ہیں اور رہینگے۔ یہ چیز میں حکومت پر واضح کردینا چاہتا ہوں۔ آپ یہ سمجھ رہے ہیں کہ پولس یا جیل سے ہم کو دباسکینگے تو ایسا نہیں ہوسکیگا۔ اسلئے میں اپیل کرونگا کہ جمہوریت کے راستہ کو لیکر ہمیں آگے بڑھنا چاہئے۔ چیف منسٹر صاحب نے ٹیننسی بل کے سلسلہ میں کہا تھا کہ ہم اسکو اس سشن میں پیش کرنیکی کوشش کرینگے اور ایک دوسرے ایم۔ ایل اے (جنگتال) نے جب مکر گیا تھا تو کہا تھا کہ ۱۲ - تاریخ کو حیدرآباد اسمبلی کے سامنے ایک ایسا بل آنے والا ہے جو انقلابی ہوگا اور اپوزیشن بھی محسوس یہ کرسکیگی کہ ایسا کوئی بل آنے والا ہے۔ اب میں پوچھتا ہوں کہ کہاں ہے وہ آپکا بل جو آپ لانے والے تھے؟ لیکن آپ تو چاہتے ہیں کہ اسکو توڑ موڑ کر پیش کریں۔ اور جلدی سے اسکو ایک سلکٹ کمیٹی کے تفویض کریں میں کہونگا اگر واقعی حکومت کوئی ایسا بل لانا چاہتی ہے تو کنکریٹلی (Concretely) لائے اس سشن میں اسکو پرائرٹی (Priority) دینا چاہئے۔ یہ بھی سنا گیا تھا کہ ٹیننسی ایکٹ سے متعلق کمیٹی میں کانگریس پی۔ ڈی ایف اور سوشلسٹس کو بلانا چاہتی تھی لیکن اس بارے میں کیوں فیصلہ نہیں کیا گیا؟ . . . . .

Mr. Speaker: No reference to party Meetings.

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے۔ اپوزیشن کے ایم۔ ایل ایز کو کمیٹیوں میں نہیں بلایا گیا . . . . . . خیر یہ سوال میں اسوقت اٹھانا نہیں چاہتا۔ وقت آئیگا تو جو پارلیمنٹری طریقہ ہوگا اسکے مطابق ہم آگے بڑھینگے۔ ٹیننسی ایکٹ کے سلسلہ میں میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ وہ بل جلد سے جلد یہاں آنا چاہئے تاکہ ہم [illegible]

معلوم ہوجائے کہ حکومت نے کیا انقلابی قدم اٹھایا ہے ۔ جنگسال اور کریم نگر میں بڑے پیمانے پر ایوکشنس (Evictions) ہورہے ہیں ۔ میرے پاس کئی ٹیلیگرام آئے ہیں لیکن چیف منسٹر صاحب کہتے ہیں کہ کوئی ایوکشن نہیں ہوا ۔ کل ہی میں نے ہوم منسٹر صاحب کے سامنے ایک کیس پیش کیا ہے ۔ تحصیلدار چاہتا ہے کہ زمین کا قبضہ دیا جائے لیکن وہاں کا سب انسپکٹر جو اپنے آپ کو ایک بہت بڑا آدمی سمجھتا ہے اسکی اتنی ہمت بڑھی ہوئی ہے کہ وہ تحصیلدار کی چلنے نہیں دیتا ۔ اور وہ کوئی مدد نہیں کرتا ۔ اس سلسلہ میں کیوں ہر تعلقہ میں کوئی کمیٹی نہیں بٹھائی جاتی تاکہ اس سلسلہ میں کوئی نہ کوئی راستہ نکالا جاسکے ۔ میں یہ چیزیں اسلئے نہیں کہہ رہا ہوں کہ بعض نکتہ چینی کروں ۔ آخر ہمیں ان روزمرہ کے سوالوں کو حل کرنا ہے ان باتوں پر سوچنا چاہئیے ۔ ان مسائل کو حل کرنا ہمارا فریضہ ہے ۔ ہمارے کئی کامریڈس پر حملے کئے گئے ۔ ایسے واقعات ہوئے ہیں ۔ ان باتوں کی اصلاح ہونی چاہئیے ۔

اکسائز کے سلسلہ میں آپ ہر ٹیاپر (Tapper) کو درجہ دینا چاہتے ہیں ہم اس خیال کا ساتھ دینگے ۔ ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن یہ کیوں سمجھا جارہا ہے کہ کانگریس جو کچھ کرنا چاہتی ہے ہم اسکا ساتھ نہیں دینگے ۔ جو اچھی چیزیں ہیں ہم ان میں برابر ساتھ دینگے ۔ لیکن یہ کہنا کہ صرف اپوزیشن کی خاطر اپوزیشن کیا جارہا ہے بالکل غلط ہے ۔

جیل اور کنوکٹ سٹلمنٹ (Convict Settlement) کے سلسلہ میں میں یہ کہونگا کہ ہوم منسٹر خود جیل میں رہ چکے ہیں اور ٹریژری بنچس کے بہت سے ارکان جیل میں رہ چکے ہیں ۔ میں اسپیکر صاحب کے متعلق نہیں کہتا ۔ ممکن ہے انکو بھی اسکا علم ہو ۔ پچھلے دو سال سے ہمکو اسکا تجربہ ہورہا ہے کہ وہاں سدھیوں کی وجہ سے بہت سی خرابیاں ہورہی ہیں ۔ ظالمانہ طریقے اختیار کئے جارہے ہیں وہ لوگ وہاں بیٹھکر اپنے کلیگس (Colleagues) کو بھر رہے ہیں اور طرح طرح سے قیدیوں کو ستایا جارہا ہے ۔ کیا وجہ ہے کہ جیل مینول (Jail Manual) کو نہیں بدلا جاتا؟ میں وہ وقت یاد دلانا چاہتا ہوں جب کہ منسٹر نے وعدہ کیا تھا کہ پرسنلی (Personally) جاکر وہ جیل کے حالات کو دیکھینگے اور تبدیلی کرینگے لیکن ایسی کوئی تبدیلی اب تک نہیں ہوئی ۔ میں ان سے کہونگا کہ اپنے وعدے کے مطابق آپ نے کوئی تبدیلی نہیں کی ہے ایسی صورت میں آپکے وعدوں پر کیسے بھروسہ کیا جا سکتا ہے؟

ایجوکیشن کے سلسلہ میں ہمارے منسٹر فار ایجوکیشن نے یہ فرمایا [illegible] یہ خیالات رہے کہ اپوزیشن کے ممبرس اور ایم ۔ ایل ۔ اے ۔ ایز ان سے [illegible] اور میرے کلیگس (Colleagues) بہت خوش ہیں کہ انہوں نے ایسا کر [illegible] میں اور میری پارٹی کے لوگ آپ سے آکر [illegible] کہ آپ بھی ٹھیک جائیں [illegible] مرتبہ آئینگے ۔

श्री फुलचंदगांधी –नीयत सताने की नही होनी चाहिये।

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے - میرا مطلب ہے کہ عوام آپ کے پاس کئی بار آئے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ عوام کی بھلائی بھکارے میں نہیں ہے۔ لیڈر منسٹر صاحب کہہ رہے تھے کہ ہم عوام کے خلاف ہیں ہم تو یہ سمجھے ہیں کہ عوام کے معنی رضاکار اور بر طانیہ کے دور میں کچھ اور لئے جاتے تھے - لیکن آپ کے پاس حکومت کا ساتھ دینے والوں کو ہی عوام کہا جا سکتا ہے۔ اس لئے آپ کے اور میرے پاس عوام کا ڈفنیشن (Definition) الگ نہیں ہے۔ اور اگر میں یہ کہوں کہ عوام میری پارٹی میں ہیں اور آپ کی پارٹی میں نہیں ہیں تو یہ غلط ہے کیونکہ عوام میں الگ الگ جماعتیں ہیں - الگ الگ طبقے ہیں اور انکے الگ الگ انٹرسٹس (Interests) ہیں - آج ہم جمہوریت کا تجربہ کرنا چاہتے ہیں اور مجھے یقین ہے کہ اس میں عوام کی بہتری کے لئے کام کیا جاتا ہے -

پیام کے ڈونیشن (Donation) کو انٹی نیشنل پالیسی (Anti-national policy) کا نام لیکر بند کردیا جاتا ہے۔ حالانکہ اس پیپر میں صرف پی ڈی ایف یا ڈاکٹر جئے سوریا کے بیانات شائع ہوتے ہیں۔ میرا یہ دعوی ہے کہ پیام کے بارے میں کمیونل پالیسی کا الزام نہیں لگایا جا سکتا ......

Shri V. B. Raju · Communal papers are not people's papers.

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے - ایسی پالیسی تو صرف کہی جاتی ہے -

Shri V. B. Raju : That is what the hon. Opposition Leader is saying ?

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے۔ اگر کوئی پیپر حقیقی معنوں میں ساسی ہو سکتا ہے تو صرف پیام ہے۔ اس کے پیچھے ۱۵ سال کی ہسٹری ہے۔ ان حالات میں میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ حکومت کے نقطہ نظر سے صرف وہی لوگ عوام ہیں جو کانگریس پارٹی کے پیچھے ہیں اور جو لوگ پی ڈی یف اور سوسلسٹ پارٹی کے پیچھے ہیں وہ عوام نہیں ہیں اگر کسی نیوز ایجنسی کے متعلق یہ محسوس کیا جاتا ہے کہ اسے سبسیڈائز (Subsidize) کرنا چاہئیے تو کیجئیے - لیکن کسی پیپر میں پی ڈی یف کی نسبت بہت لکھا جاتا ہے اس لئے اس کو بند کردینا چاہئیے ٹھیک نہیں معلوم ہوتا - آپ اس سشن کے دوران میں کیسی رپورٹنگ کر رہے ہیں مجھے معلوم ہے۔ اگر وہ پر وکانگریس رپورٹنگ ہے تو اسکے بارے میں مجھے کہنا ہے۔ کیونکہ اخبارات میں جس ممبر نے سوال پوچھا یا کٹ موشن پیش کیا ہے اس کا نام نہیں ہوتا - البتہ کانگریس منسٹر کا نام نمایاں طور پر دیا جاتا ہے اور آنریبل منسٹر کا پورا جواب موجود ہوتا ہے - چنانچہ بجٹ کے متعلق بھی ایک انا نیمس لیٹر (Anonymous letter) اخبار میں آیا ہے جسمیں فینانس منسٹر کی تعریف کی گئی - تو اس کے معنی سبسیڈائز کے تھوڑے ہی

لئے جائیں گے ؟ میں ادباً عرض کرونگا کہ ہم جو ۱۷۵ ممبرس هاؤز میں بیٹھے ھیں تو
اس کا مقصد بڑی بڑی دمبریں کرنا یا هاؤز کو ڈبیٹنگ سوسائٹی بنانا نہیں ھے ۔ ہم اپنا
قیمتی وقت صرف کرکے اس لئے یہاں بیٹھے ھیں کہ ہم ملک اور خاصکر مزدوروں اور
کسانوں کی بھلائی کے لئے نئے نئے کام کر سکیں لیکن یہ محسوس نہیں کیا جاتا ۔
کٹ موشن کس نے لایا اس آنریبل ممبر کا نام اخبار میں نہیں آتا ۔ بلکہ مسٹر صاحب کا
رپلائی (Reply) آتا ھے ۔ کیا اخبار اور ٹرتھ (Truth)
کے علمبردار ہی ھیں ؟ کیا یہی ایک فیکچول رپورٹ (Factual Report) ھے . .

شری بی رام کشن راو ۔ کیا آنریبل ممبر انڈو برٹش بل کی پالیسی پر تبصرہ کررہے
ھیں یا اخبارات کی پالیسی پر ؟

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ انڈو برٹش بل کے بارے میں بحث کرنے کے لئے
یہ بیان کرنا بھی ضروری ھے ۔

شری بی رام کشن راو ۔ یہ بحث گورنمنٹ سے نہیں بلکہ اخبار والوں سے متعلق ھے ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ میں ادباً یہ عرض کرونگا کہ اگر کسی اخبار
یا نیوز ایجنسی کو سبسڈائز کرنا ہو تو کیجئے ۔ جسطرح ملک کے الگ الگ حصے
اور کاروبار ہوتے ھیں اسطرح اخبار اور نیوز ایجنسی میں بھی فرق ہوتا ھے ۔
لہذا سبسیڈی فیکچول رپورٹنگ ۔ امپارشل رپورٹنگ اور ڈیمو کریٹک رپورٹنگ
(Factual, impartial and Democratic Reporting) کے لئے ہونی
چاھئے نہ کہ حکومت کی پبلسٹی کے لئے ۔ میں اس بارے میں ایک رزولیشن حکومت کی
اس پالیسی سے متعلق آنریبل اسپیکر صاحب کے پاس پیش کرنے والا ہوں تاکہ ایک
کمیٹی بنائی جائے ۔

ایجوکیشن کے سلسلہ میں میں یہ عرض کررہا تھا . . . . . .

Mr. Speaker : Has the hon. Member not discussed that question before? He must try to be brief.

Shri V. D. Deshpande: Yes, thank you.

حیدرآباد میں چار بڑی زبانیں ھیں ۔ اور اسمیں سے ایک بڑی زبان اردو بھی ھے ۔ لیکن
اسکے متعلق آنریبل مسٹر فار ایجوکیشن نے کہا کہ

"It is not even a minor language."

श्री. फुलचंदगांधी: सवाल रीजनल लैंग्वेजेस का था।

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے۔ یہ غلط ھے۔ ہمیں جو ورثہ ملا ھے اسمیں ایک اردو
زبان بھی ھے اسلئے ہمیں اسکو نبھانا پڑیگا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ... ہم دوسرے ریجنل

لیگویجس کا انتظام کرتے ھیں تو اردو کی حد تک بھی ھمیں سدبلی نہیں کرنی چاھئے
اور اسکا بھی انتظام کرنا چاھئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

श्री फुलचद गाधी — रीजनल लँग्वेज होनेसे इन्कार किया गया था।

شری وی۔ ڈی۔ دیسپانڈے ۔ لیکن اردو زبان میں ٹریننگ دینے کے جسے کالج تھے
انکو بند کردیا جارہا ہے ۔

श्री फुलचंद गाधी — मुझे अिसका पूरा जवाब देना पडेगा क्योकि आपने अुस वक्त यह नही फरमाया था। मै इतमिनान दिलाना चाहता हू कि आप जिस पॉलिसीपर क्रिटिसाइझ कर रहे है वो गलत है। अिस जवाबको सुनकर आप भी खुष होगे।

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ اگریکلچر ڈپارٹمنٹ کے بارے میں بہت بڑی رقم (۳۱) لاکھ (۳۱ ہزار نہیں) گرومور فوڈ کے سلسلہ میں اسٹاف پرخرچ کی جارہی ہے ۔ اسکا جواب یہ دیا گیا کہ پہلے ہمارے پاس آفیسرس کم تھے اور اب زیادہ ہوگئے ہیں ۔ میں کہونگا کہ اگر آفیسرس پر اتنی زیادہ رقم خرچ کیجائے تو یہ اسکیم گرو مور فوڈ نہیں بلکہ ”گرو مور آفیسرس اسکیم،، کہی جاسکتی ہے ۔ اسلئے منسٹر کنسرنڈ اس بارے میں توجہ دیں ۔

چارج انڈر کنسالیڈیٹڈ فنڈ (Charge under Consolidated Fund) کے بارے میں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ ایک آنریبل منسٹر نے کہا کہ ہم کتنا کمپنسیشن (Compensation) دینا چاہتے انہوں نے کتنا کمپنسیشن کہا مجھے یاد نہیں ہے ۔ لیکن میرا کانکریٹ پروپوزل (Concrete proposal) یہ ہے کہ معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں اور جو کمپنسیشن دیا گیا ہے وہ ریوینیو اسسمنٹ (Revenue assessment) کی بیسس پر دیا گیا ہے اور اگر اسوقت کسی زمین کا ریوینیو ایک لاکھ تھا تو اب ۲۰ ہزار ہوجاتا ہے ۔ لیکن جس زمانے میں جاگیرات کا اڈمنسٹریشن ہاتھ میں لیا گیا اسکے بیسس پر کمپنسیشن دیا جارہا ہے ۔ اسلئے یہ فیوڈل ہے اور جو کمیوٹیشن (Commutation) دیا جارہا ہے وہ اَن ڈیموکراٹک ہے ۔ یہ ایک ایسی چیز ہے کہ جسکو ۵۰ پرسنٹ تک کم کیا جاسکتا ہے اور اس سے ہمارے پاس بہت کچھ بچت ہوسکتی ہے ۔ کیونکہ یہ فنڈ ایک عرصہ تک ہمارے بجٹ میں قائم رہیگا ۔ لہذا میں یہ اپیل کرونگا کہ ہاؤز کے رجحانات کو سامنے رکھتے ہوئے ”کمپنسیشن کا بیسہ،، کم سے کم کمپنسیشن اماونٹ میں کمی کرے تا کہ آئندہ چلکر ہر سال کمپنسیشن کے تحت جو ۲-۳ کروڑ کا بوجھ عوام کے سر پر ہے وہ نکل جائے کیونکہ عوامی حکومت اس کمپنسیشن کو برداشت نہیں کرسکتی ۔ میں اس بارے میں تفصیل سے تو عرض نہیں کرتا لیکن یہ کہونگا کہ نظام صاحب کوجو ۵۰ لاکھ روپیہ دئے جاتے ہیں اسمیں کمی کیجاسکتی ہے ، دس گنا کمی کیجاسکتی ہے بلکہ اس کمیوٹیشن کو بھی بند کردیا جاسکتا ہے ۔ یہ میں صاف صاف کہنا چاہتا ہوں ۔

کرپشن (Corruption) کے سلسلہ میں ہمارے منسٹرس کامپلیسنٹ (Complacent) ہیں جیسا کہ ہمارے ایک آنریبل منسٹر نے فرمایا کہ "باقی ڈپارٹمنٹس کے مقابلہ میں کم ہے"۔ کیا یہ کوئی سیریس آرگومنٹ (Serious argument) ہوسکتا ہے؟ شائد میرے آرگومنٹ کی کساسٹی کم ہوگی۔ لیکن عملاً جو کچھ ہورہا ہے ہمیں اسے دیکھنا چاہئے۔ کیا ۳۱ کروڑ ۳۳ لاکھ روپیہ اسطرح گول مول بانوں میں ختم تو نہیں ہو رہا ہے؟

ایک آنریبل ممبر نے یہ کہا کہ انسپکٹر آف فارسٹس تو مفت کام کرنے کے لئے بھی تیار ہو جائیں گے۔ یہی نہیں بلکہ میں تو یہ کہونگا کہ یہ لوگ تو کچھ ڈونیشن (Donation) دیکر بھی کام کرنا چاہینگے۔ آپ کے ڈپارٹمنٹس میں اسقدر کرپشن (Corruption) ہے اور آپ اسی کو نبھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ آپ کہینگے پریکٹیکلی (Practically) ایسا بھی ممکن ہے وہ بھی پریکٹیکل (Practical) ہیں اور کانگرس بھی پریکٹیکل ہے۔ یہ کہدیا جاتا ہے کہ عوام ہی رشوت دیکر اڈمنسٹریشن کو خراب کرتے ہیں۔ لیکن آپ ایسے حالات کیوں پیدا کرتے ہیں کہ عوام کو رشوت دینے کی نوبت آئے۔ آنریبل منسٹر فار اکسائیز نے کہا ہے کہ انہوں نے ایسی اسکیم بنائی ہے جس سے انکے محکمہ میں کرپشن کی نوبت نہ آئے گی۔ ایسی صورت میں ظاہر ہے عوام بھی کوئی ایسا موقع نہ دینگے۔ محض یہ کہدینا کہ اسکی ذمہ داری عوام پر ہی ہے درست نہیں ہے۔ ہمارا جو مشن چین گیا تھا اس نے بتایا ہے کہ وہاں ایک اینٹی کرپشن اسکیم (Anti-corruption Scheme) چلائی گئی اور اب حالت یہ ہے کہ ہوٹل میں کام کرنے والا بھی ٹپ (Tip) لینے کیلئے تیار نہیں۔ اسی طرح ایک اینٹی کرپشن اسکیم یہاں چلانے کی ضرورت ہے اس کے لئے عوامی اداروں کا تعاون حاصل کیا جا سکتا ہے۔ . . . .

Mr. Speaker : These arguments are being repeated several times.

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے۔ (Yes, thank you) اس طرح اس سوال کو حل کیا جا سکتا ہے۔ میں نے ٹریژری بنچز کے سامنے اپنے خیالات رکھے ہیں اور مجھے یقین ہے کہ اپوزیشن بنچز کو اس بات کی تسلی دلائی جائے گی کہ ٹریژری بنچز کی طرف سے اس جانب سوچ سمجھکر اقدام کیا جائے گا اور کوئی شارٹ کٹ یا آٹوکریٹک اسٹپ (Autocratic step) نہیں اٹھایا جائے گا اور کوآپریشن کا مسئلہ صرف اسمبلی میں الفاظ کی حد تک نہ رہیگا۔ یہ چیزیں ہمارے سامنے آجائیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اڈمنسٹریشن کو بہتر بنانے میں انہیں پیش نظر رکھا جائیگا۔ میں آخر میں چیف منسٹر سے اپیل کرونگا کہ وہ میرے خیالات کو بنیادی طور پر سامنے رکھیں۔ جمہوریت کا تقاضہ ہے کہ انہیں سامنے رکھا جائے۔ جب جمہوریت کا قدم اٹھایا جا رہا ہے تو ایسے حالات پیدا کرنا چاہئے جس سے جمہوری

رتیاں جنہیں عوام چاہتے ہیں آگے بڑھ سکیں اور ہاؤس میں جو ہم اتنا وقت ضائع رتے ہیں اس کا صحیح پھل مل سکے ۔

ایک اور چیز جو میں آنریبل اسپیکر اور ٹریژری بنچز کی توجہ میں لانا چاہتا ہوں یہ ہے کہ آئندہ بحث پر غور کیلئے اتنا کم وقت نہ دیا جائے جیسا کہ اس مرتبہ دیا گیا ہے یعنی بحث کی سطوری کے لئے صرف دس بارہ روز کی ہی مہلت نہ ملے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker · 20 days were given

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے ۔ ۲ دن بھی ڈسکس کے لئے ناکافی ہیں ۔ یم ایل ایزی آرگنائزرس کے سلسلے میں جو کنسٹرکٹیو سجیشنس (Constructive suggestions) ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہتے ہیں انہیں کافی موقع ملنا چاہئے یہ ظاہر ہے کہ پارلیمنٹ اور دیگر ریاستوں میں بھی بحث سشن سب سے اہم سشن ہوتا ہے۔ اسے ملحوظ رکھتے ہوئے کافی موقع بحث کے لئے دیا جانا چاہئے ۔ اور عین وقت پر یہ نہ کہا جائے کہ ہمیں اب ختم کرنا ہے جب ختم کرنا ہے ۔

یہ باتیں میں ہاؤز کے سامنے رکھتے ہوئے اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

چیف منسٹر (شری بی۔ رام کشن راؤ) اپروپریشن بل (Appropriation Bill) سے متعلق میں یہ سمجھ رہا تھا کہ میرے معزز دوست وہی کنونشن (Convention) اختیار کریں گے جو اور جگہ اختیار کیا جاتا ہے ۔ وہ یہ کہ اس پر کوئی بحث نہ کیجائیگی کیونکہ اپروپریشن بل پر بحث کرتے ہوئے کوئی نئی چیز تو نہیں لائی جاسکتی ۔ ان ہی چیزوں کو دھرانا پڑیگا جن کے بارے میں بہت زور کیساتھ اس سے پہلے کہا گیا ہے ۔ بجز اسکے کہ کوئی نیا آرگومنٹ (Argument) آئے میں نہیں سمجھتا کہ آنریبل لیڈر آف دی پی ڈی یف پارٹی نے کوئی نئی چیز کہی ہے ۔ وہی باتیں کہی گئی ہیں جو پہلے کہی جاچکی تھیں ۔ البتہ اس موقع سے فائدہ اٹھایا گیا ہے اور درمیان میں جو حوالات دئے گئے ہیں انکے بارے میں اس لہجہ سے بڑھ چڑھ کر زیادہ آواز بلند کر کے کچھ کہنے کی کوشش کی گئی ہے اس سے بڑھکر کوئی چیز نہیں ۔ لیکن میں معزز دوست کو اطمینان دلانا چاہتا ہوں کہ اگر اس سے پہلے میں نے دو تین بار آواز اونچی کر کے انکے اعتراضات کا جواب دیا ہے تو اسکا مطلب یہ نہیں ہے کہ میں کسی طرح سے ڈکٹیٹوریل (Dictatorial) رویہ اختیار کرنا چاہتا ہوں یا کرسکتا ہوں ۔ اس لئے کہ میں اس قابل بھی نہیں ہوں ۔ بہر حال " جمہوریت " کے لفظ کو دس بارہ مرتبہ دھرایا گیا ۔ اور اسی کی بنیاد پر تقریر کی عمارت کھڑی کی گئی ۔ میں اسکا جواب دینا نہیں چاہتا ۔ میرے دوست نے ایک مرتبہ کا جملہ یہ کہا کہ " آپ کی اور ہماری ڈکشنری میں فرق ہے "۔ یہ بالکل سچ ہے۔ یہ حقیقت ہے سچائی سے انکار نہیں کیا جاسکتا ۔ اس لئے کہ آپ جمہوریت کی جو تعریف کرتے ہیں وہ ہماری نہیں ۔ آپ جس کو پبلک ڈیمو کریسی (Public democracy) یا عوامی جمہوریت سمجھتے ہیں ہمارے پاس اس کی

دوسری ڈیفنیشن (Definition) ہے - اسلئے یہ سمجھتے ہے - مجارٹی ووٹس (Majority votes) سے الکٹ (Elect) ہوکر آج ٹریژری بنچز پر بیٹھے کے باوجود بھی آپ ہم کو جمہوری تسلیم کرنے کیلئے تیار نہیں - جب تک آپ کی ڈیفنیشن (Definition) میں تبدیلی نہ ہو اس وقت تک آپ یہ تسلیم نہیں کرینگے کہ یہاں عوامی جمہوریت ہے چاہے ہم لاکھ کوشش کریں اور چاہے اپنا سر کاٹ کر بھی رکھدیں تب بھی آپ سر کو سر نہیں سمجھینگے - اسلئے کہ آپ کی اور ہماری ڈکشنری میں فرق ہے - آپ کے معنوں میں جمہوریت قائم کرنا ناممکن ہے ہم اپنے معنوں میں جمہوریت قائم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور کرینگے -

لوکل سلف گورنمنٹ کے نامینیشن کے بارے میں بہت سی باتیں کہی گئیں - اسکے بارے میں میں نے سیدھے سادھے طریقہ پر اطمینان دلایا تھا تاکہ اس میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہ ہو - قانون کے تحت گورنمنٹ کو نامینیشن (Nomination) کا حق ہے - آپ گورنمنٹ کے اس حق کو اڑا دینا چاہتے ہیں - قانون کی رو سے نامینیشن کا حق سوال ہے اسکا مطلب یہ ہے کہ (Unrepresented groups) اور (Unrepresented sections of public) کو موقع دیا جائے - اور یہ حق اسی طرح طریقے سے استعمال کیا جائیگا - اس سے بڑھکر کوئی چیز نہیں - حکومت کی یہی پالیسی رہیگی اور کسی سنگل پارٹی کو مجارٹی میں تبدیل کرنے کی کوشش نہیں کی جائیگی - اسکا کیٹیگوریکل ایشورنس (Categorical assurance) دیا گیا - ہمارے تصور کے لحاظ سے اور جمہوریت کے تصور کے لحاظ سے یہی جواب بالکل تشفی بخش ہے ، کافی ہے اور بالکل فیر (Fair) ہے - اس سے بڑھکر کسی دوسرے طریقے سے اطمینان دینے کی میں ضرورت نہیں سمجھتا - میرے متعلق ، بی رام کشن راؤ کی حیثیت سے نہیں بلکہ چیف منسٹر کی حیثیت سے ذکر کیا گیا - اور زیادہ شکایت میرے دوست کو یہ تھی کہ کوآپریشن (Co-operation) کا ہاتھ انہوں نے آگے بڑھایا ہے لیکن گورنمنٹ نے ان سے مصافحہ کرکے ہاتھ میں ہاتھ ملاکر آگے بڑھنے کی کوشش نہیں کی - مجھے افسوس ہے کہ ہم میں یہ صلاحیت نہ تھی کہ ہم دوسروں کی تشفی کرسکتے یا یہ کہ اپوزیشن پارٹی میں یہ صلاحیت نہیں کہ ٹریژری بنچز کی طرف سے کوئی اچھا کام ہو تو اسکو اپریشیٹ (Appreciate) کرے - دونوں میں سے کوئی بات ہونی چاہئے - ہوسکتا ہے کہ دونوں میں کمزوری ہو - لیکن میں یہ بتلادینا چاہتا ہوں کہ آپ کا ہاتھ کوآپریشن کے لئے جتنا آگے بڑھا تھا ہم نے سوچ سمجھکر دیدہ و دانستہ اس سے ایک قدم ، ایک فٹ آگے بڑھایا - میں اسکو ثابت کرسکتا ہوں - ہمیں پاپولر گورنمنٹ بنائے ہوئے تین ماہ سے زاید لیکن چار ماہ سے کم عرصہ ہوتا ہے - اس عرصہ میں ہمارا ہاتھ کوآپریشن کیلئے جس قدر آگے بڑھا اگر اسی تناسب سے اپوزیشن پارٹی کی طرف سے کوآپریشن ہوتا تو آج ہم چھ پیج - یس - آر - پی نٹالیس ختم کرنے کا وعدہ کرسکتے - لیکن مجھے افسوس ہے کہ ایسی کوئی علامت میں نے نہیں دیکھی - جسکو وہ کوآپریشن کا ہاتھ بتاتے ہیں ایک طرف تو وہ کوآپریشن کا ہاتھ تھا اور دوسری طرف سے

The Member indicated his mind by brandishing his hand against the neck

ایک ہاتھ یہ ہے اور دوسرا ہاتھ وہ ! ایک طرف تحفہ ہے اور دوسری طرف مصافحہ ! ہاتھ ملانا ہو تو تحفہ کی طرف دیکھکر ہاتھ ملانا پڑتا ہے - میں بالکل سیدھے سادھے طریقے پر کہہ رہا ہوں - میرے دل میں کوئی میل نہیں - میں بالکل صاف طور پر اپنے دوستوں سے کہنا چاہتا ہوں کہ اپنے دل کے میل کو نکال کر پھینکدیں اور بھروسہ کرکے سچ مچ آگے بڑھیں تو ہم ایک ہاتھ نہیں دونوں ہاتھ ملائینگے - آپ اور ہم دونوں ملکر مسائل پر سوچ بچار کرکے حل کرینگے - ہوسکتا ہے کہ حل کرتے وقت کوئی راستہ غلط معلوم ہو اور ٹوکا جائے کہ یہ غلط راستہ ہے - اس نقطہ نظر سے کوئی حل نکالا جائے تو کوئی راستہ نکل سکتا ہے - میں اس موقع پر فار دی مومنٹ (For the moment) متفق ہوسکتا ہوں - جب تک یہ عوامی حکومت رہے گی ایسا ہوسکتا ہے -

ٹیننسی ریفارمس (Tenancy Reforms) کے بارے میں جو کچھ کہا گیا اسکے جواب میں کچھ کہنا ضروری سمجھتا ہوں - کہا گیا کہ یہ ہتھکنڈے ہیں اور دکھلانے کیلئے ایسا کیا جا رہا ہے - ہتھکنڈے کی اس میں کوئی بات نہیں - ہمارے پاس بل کا ڈرافٹ تیار ہے اور وہ پارٹی میٹنگ سے پاس ہورہا ہے - . .

Mr. Speaker : No reference to party meetings.

شری بی رام کشن راؤ - عوام میں اس سے غلط فہمی کا امکان ہے اس لئے میں اسکا ذکر کردینا مناسب سمجھتا ہوں - ہمارے پاس اس کا بل تیار ہے - اسکے لیجسلیچر میں آنے سے پہلے کافی اسٹیجس ہیں - اگر ٹریژری بنچ پر ہمارے دوست ہوتے تو انہیں بھی یہ بل اپنی پارٹی میں غور کرکے لانا پڑتا - اسکے علاوہ لینڈ ریفارمس کا مسئلہ اسٹیٹ لسٹ (State list) میں ہونے کے باوجود اسٹیٹس منسٹری (States Ministry) کو ریفر (Refer) کرنا پڑتا ہے - کم سے کم اسکے متعلق انفارمل او - کے - (Informal O. K.) لینا پڑتا ہے - اس کےلئے قواعد ہیں - یہ تمام چیزیں کی جارہی ہیں - میں کہونگا کہ ہم خود اس کےلئے بیتاب ہیں کہ کم از کم اس سشن کے ختم ہونے سے پہلے اس بل کا انٹروڈکشن ہو جائے تاکہ ونٹر کے سشن میں اسکو پیش کیا جاسکے - اس وقت ایک پبلک اوپینین بھی معلوم ہو جائیگی - اور سلکٹ کمیٹی بھی اسکے متعلق اپنی رپورٹ پیش کرسکیگی - اس طرح اُس سشن میں سب سے پہلے ایک اہم بل آسکیگا - ہم تو یہ چیزیں نیک نیتی سے کررہے ہیں لیکن کہا جا رہا ہے کہ یہ دھوکہ بازی ہے تو اسکا میرے پاس کوئی جواب نہیں ہے - یہ مثال دیگئی ہے کہ ایسی ہی چیزیں رضاکاروں کی حکومت میں بھی کی جاتی تھیں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ گالیاں ہیں اور میں گالیوں کا جواب گالیوں سے دینا نہیں چاہتا - ایوکشنس (Evictions) کے بارے میں اپنے دوستوں کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ابھی

ہاؤس میں مختلف گوشوں سے جو باتیں سنیں اونکے متعلق میں نے دریافت کیا ہے جو نئے ریمارکس آنے والے ہیں ہمارے کچھ لوگوں کو شروع سے آخر تک اسکے دفعات معلوم ہوچکے ہیں اور باہر کے بھی چند لوگوں کو اسکے دفعات کا علم ہوچکا ہے ۔ لینڈ لارڈس ضرور اس بات کی کوشش کر رہے ہیں کہ آنے والے لیجسلیشن میں اسکو فورسٹال (Forestall) کیا جائے۔ یہ میں مانتا ہوں کہ کچھ لوگ زمینات کو حقیقی شخص کے قبضہ میں جانے سے روک رہے ہیں لیکن میں اس کا یقین دلانا چاہتا ہوں کہ جو ایوکشنس (Evictions) ہو رہے ہیں اونکو بڑی تعداد میں نہیں کہا جاسکتا لیکن میں یہ کہہ کر ایسی شکایتوں کی اہمیت کو کم نہیں کرنا چاہتا۔ جو شکایتیں آتی ہیں ان کو رفع کرنے کی تدابیر اختیار کی جا رہی ہیں ۔ میں آپ کی شکایت کو غلط نہیں کہہ سکتا ۔ وہ صحیح ہوگی ۔ مگر جو ایوکشن ہو رہا ہے وہ ٹیننسی ایکٹ کے تحت نہیں ہو رہا ہے ۔ یہ معلوم ہونا چاہئے کہ دفعہ (۴۴) کے تحت کوئی لینڈ لارڈ کسی تحصیلدار کے پاس درخواست پیش کرکے کسی کو ایوکٹ نہیں کر رہا ہے میں اس کا صد فی صد یقین دلانا چاہتا ہوں ۔ میں نے اسبارے میں اسٹرکٹ آرڈرس دئے ہیں کہ سکشن ۴۴ کے تحت کسی لینڈ لارڈ کی درخواست پر ایوکشن کا حکم نہ دیا جائے ۔ ایسے مقدمات میں تحصیلدار یا ڈپٹی کلکٹر کی جانب سے ایوکشن کا حکم نہیں دیا جا رہا ہے ۔ جو ایوکشن ہو رہا ہے وہ زبردستی ہورہا ہے کیونکہ لینڈ لارڈس مالدار اور زیادہ اثر والے ہوتے ہیں ۔ کسان والے بیچارے کمزور ہوتے ہیں ان کو اس کا علم نہیں ہوتا کہ وہ اپنے حقوق کی کسطرح حفاظت کرسکتے ہیں ۔ اس طرح جو ایوکشن ہو رہا ہے وہ ال لیگل (Illegal) طریقہ پر ہورہا ہے ۔ مال کے بعض عہدہ داروں کو یہ غلط فہمی ہو رہی تھی کہ قانون مالگزاری کی دفعہ ۴۷ کو نکال دینے کے بعد انہیں کوئی اختیار باقی نہیں ہے ۔ لیکن سکشن ۹۸ کے تحت ان کو کافی اختیارات رہتے ہیں ۔ میں نے اسکے بارے میں لکھدیا ہے کہ دفعہ ۴۷ کو نکال دینے کے بعد یہ سمجھنا کہ کوئی اختیارات تحصیلداروں کو باقی نہیں رہتے غلط ہے ۔ سکشن ۹۸ کے تحت وہ کارروائی کرسکتے ہیں اور سکشن ۳۲ کے تحت وہ احکام جاری کرسکتے ہیں ۔ پولیس والوں کو بھی یہ غلط فہمی ہوگئی ہے کہ ان کو ایسے معاملات میں دخل دینے کا حق نہیں ہے اوس زمانہ کے ہوم منسٹر مسٹر سیشادری کے پاس اس سلسلہ میں ایک پبلک ریپریزنٹیشن ہوا تھا اور میں خود بھی اوس میں شریک تھا ۔ ہم ہی نے اسکے متعلق حکم دلوایا تھا کیونکہ اوس زمانہ میں پولیس والوں کی شکایات آتی تھیں کہ وہ لینڈ لارڈس کی تائید کرتے ہیں ۔ لیکن اوسکا ایک غلط انٹرپریٹیشن (Interpretation) یہ لیا جارہا ہے کہ مال اور پولیس کے عہدہ داروں کو دست اندازی کرنے کی ضرورت نہیں میں سمجھتا ہوں یہ ایک غلط انٹرپریٹیشن ہے ۔ چنانچہ کل ہی میں نے آرڈرس جاری کئے ہیں کہ جہاں کہیں کوئی ڈسپیوٹ (Dispute) کا کیس ہو مال کے عہدہ دار ٹیننسی ایکٹ کے سکشن ۹۸ اور ۳۲ کے تحت اسکے متعلق احکام جاری کرسکتے ہیں اور پولیس کا بھی فرض ہوگا کہ جائز قبضہ قائم رکھنے کے لئے مدد دے ۔ اس سلسلہ میں میں

نے حکم جاری کردیا ہے تاکہ کوئی غلط فہمی نہ رہے - یہ جو کہا گیا ہے کہ اپوزیشن پارٹی کی جانب سے جو کچھ کہا جاتا ہے وہ غلط ہوتا ہے - ایسا میں نے نہیں کہا - ہاں البتہ میں نے کچھ باتیں صاف صاف اور سختی کے ساتھ اور کبھی کبھی تلخ کلامی کے ساتھ کہی ہیں - لیکن ایسی بات نہیں ہے کہ جو کچھ کنسٹر کٹیوسجشن (Constructive suggestion) اپوزیشن پارٹی کی طرف سے آئیگا اس پر غور نہیں کیا جائیگا - میں ٹریژری بنچ کی جانب سے اس کا یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ایسے کسی کنسٹر کٹیوسجیشن کو نظر انداز نہیں کیا جائیگا - میں نہیں سمجھتا کہ اب اس تقریر کے بعد کچھ اور ڈیٹیلس (Details) بیان کرنے کی ضرورت ہوگی - البتہ میں ہاؤس سے کہونگا کہ بحث پر ڈسکشن کے دوران میں جو مباحث ہوئے ہیں اور جو گرما گرم بحثیں ہوئی ہیں ان سے نقصان نہیں بلکہ فائدہ ہی ہوا کیونکہ ایک دوسرے کو سمجھنے میں بحث کی گرمی بھی کافی مدد دیتی ہے - چنانچہ ہمیں اس سے کافی مدد ملی ہے - میں ہمارے دوست پی - ڈی - ایف کے اپوزیشن لیڈر کو اس بات کا یقین دلانا چاہتا ہوں کہ انہوں نے کمی وقت کی جو شکایت کی ہے وہ آئندہ دور کردیجائیگی اگلا بجٹ سشن اس طرح ۲ دن کا نہیں ہوگا ، بلکہ ۳ - ۳۵ دن کا ہوگا اور اس وقت کمی وقت کی شکایت باقی نہیں رہیگی - میں اپوزیشن ممبر کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ آئندہ وقت کی تنگی کی شکایت کا موقع نہیں دیا جائیگا - آخر میں میں یہ کہونگا کہ آج ۳۰ جون کو عین اور مناسب وقت پر بلکہ عین لمحہ پر ہم بحث ختم کر رہے ہیں - آئندہ ہمیں زیادہ وقت ملیگا اور زیادہ اچھی طرح ہم تبادلہ خیال کرسکینگے -

Dr. G S Melkote · Mr. Speaker, Sir, I should frankly admit that it would have taken me by pleasant surprise if this opportunity had not been utilised by the Leader of the P.D.F. Party. Before I took charge of the Finance, I had been in the medical profession and as such I am a practical psychologist. I began to analyse the strategy behind the speech to-day. No new facts were brought in. The Treasury Benches have already made a name in the public for vigorous action. By his speech to-day, the Leader of the P.D.F wanted to snatch away all the credit we have earned. I can see his strategy very clearly ; and that is why I said, it would have taken me by pleasant surprise if he had not spoken on this occasion. But, the different matters that he has referred to most of them if not all have been answered point by point. His vehement speech would be reported in the Press and without a reply from this end ; it would look as if we have conceded his points. I am not prepared to accept this .... (Interruption). But the point is this : The Leader of the P.D.F. has made a speech and the Leader

---

*Confirmation not received.

of the House has replied Culling out a point here and a point there from the Speeches of the Members of this side he has tried to present a bouquet He can be paid in the same coin, but that is not our aim One swallow here and there does not a summer make, but one fact I must mention here and that is this: To-day the Leader of the P D F has been vehemently speaking of democracy as if he and his party have taken a monopoly of it I would have congratulated the party but for the fact that they still lacked faith. When it would be forthcoming, I will congratulate them very warmly I am awaiting that day.

The other point is this During the Speeches, several of the Opposition Members have said that the Congress cannot move in the right direction and that they are held back by tradition, etc., and they have levelled criticism against the Congress They alleged that 'we have become dictators'. If congressmen in spite of their tradition could become dictators, it would have served as a compliment. This only shows to what extent and with what vigour we have been moving for the past three months. I accept that compliment, Sir.

Thank you very much. (*Cheers*).

Mr. Speaker. The question is.

"That L.A. Bill No. XIV of 1952, 'the Hyderabad State Appropriation Bill, 1952' be read a first time."

The Motion was adopted.

Dr. G. S. Melkote: Mr Speaker, Sir, I beg to move "that the Legislative Assembly Bill No XIV of 1952, 'The Hyderabad State Appropriation Bill, 1952' be read a second time at once."

Mr. Speker: The question is:

"That L.A. Bill No. XIV of 1952, 'The Hyderabad State Appropriation Bill, 1952' be read a second time"

The Motion was adopted.

Mr. Speaker: Now, we shall take up the bill clause by clause. But I do not think there is any necessity of taking them clause by clause. Does the House want that I should take clauses, schedule, the enacting formula and the title separately?

Shri V. D. Deshpande: I propose that certain items be taken separately.

Mr Speaker: What particular items ?

Shri V D Deshpande · Itmes Nos 14, 26 and 29

Mr Speaker. The question is ·

" That the Bill to authorise payment and appropriation of certain sums from and out of the Consolidated Fund of the State of Hyderabad for the service of the year ending the 31st day of March, 1953, be read second time."

The Motion was adopted.

Mr Speaker The question is ·

" The cls 2 and 3 stand, part of the Bill "

The Motion was adopted.

Clauses 2 and 3 were added to the Bill.

Mr Speaker The general convention is that the whole schedule will be put to vote and not separately item by item.

Shri V. D. Deshpande Is it a convention ? If it is a convention, we are not conventionists as such.

Mr. Speaker. There is nothing special.

(Pause)

Mr. Speaker: The question is

" That the schedule and cl 1 stand part of the Bill ".

The Motion was adopted

The Schedule and clause 1 were added to the Bill.

Mr. Speaker. The question is ·

" That short title and preamble stand part of the Bill ".

The Motion was adopted.

The short title and preamble were added to the Bill.

Dr. G. S. Melkote: Mr. Speaker, Sir, I beg to move

" That L.A. Bill No XIV of 1952, the Hyderabad State Appropriation Bill, 1952, be read a third time at once and passed ".

Mr. Speaker. The question is

" That L.A. Bill.No. XIV of 1952—the Hyderabad State Appropriation Bill, 1952, be read a third time and passed ".

The Motion was adopted.

مسٹر اسپیکر - یہ سیشن ۱۱ جون سے پہلے اسلئے نہیں بلایا جاسکا کہ مئی کا مہینہ کافی گرم تھا - ایک چیز مجھے ہاؤس کی توجہ میں لانی ہے وہ یہ کہ آنریبل ممبرس کی اسپیچس میں ریپٹیشن (Repetition) نہونا چاہئے - بار بار ایک ہی چیز کو اگر نہ دہرایا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہماری کارروائی جلد ختم ہوسکتی ہے - ورنہ اسطرح ہمارے مسائل حل نہیں ہوسکتے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - ٹریژری بنچس حل کرنا نہیں چاہتے -

مسٹر اسپیکر - آپ کے کہنے سے وہ حل نہیں کرینگے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - تو مسائل خود انکو حل کردینگے -

The House then adjourned till Two of the Clock on Tuesday the 1st July, 1952.